بیعت کا مطلب اور اس کے فوائد

مجیب: مولانا محمد نوید چشتی عطاری

فتوی نمبر: WAT-598

تاریخ اجراء: 28رجب المرجب1443ھ /02مارچ2022ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بیعت کیا ہے اور بیعت کے کیا فوائد ہیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

اصطلاحِ شرع وتصوّف میں کسی پیرِ کامل کے ہاتھوں میں ہاتھ دے کر گزشتہ گناہوں سے توبہ کرنے، آئندہ گناہوں سے بچتے ہوئے نیک اَعمال کا اِرادہ کرنے اور اسے اللہ عزوجل کی مَعرِفَت کا ذریعہ بنانے کا نام بیعت ہے۔

امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ بیعت کا فائدہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:"اس سے فائدہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اِتصالِ مسلسل۔﴿صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡھِمۡ﴾ ترجمۂ کنز الایمان: راستہ ان کا جن پر تو نے اِحسان کیا۔" (الفاتحۃ، پ01، آیت06)

میں اس کی طرف ہدایت ہے۔۔۔ صحتِ عقیدت کے ساتھ سلسلہ صحیحہ متصلہ میں اگر اِنتساب باقی رہا تو نظر والے تو اس کے بَرکات ابھی دیکھتے ہیں جنہیں نظر نہیں وہ نزع میں، قبر میں، حشر میں اس کے فوائد دیکھیں گے۔" (فتاوی رضویہ، جلد26، صفحہ570، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

پیری مریدی کی شرعی حیثیت، صفحہ 8 پر ہے:"بیعت ہونے کے فَوائد میں سے یہ بھی ہے کہ یہ پیرانِ عظام یا اِن سلسلوں کے اکابرین وبانیان اپنے مُریدین ومتعلقین سے کسی بھی وقت غافل نہیں رہتے اور مشکل مقام پر ان کی مدد فرماتے ہیں چنانچہ حضرتِ سَیِّدُنا امام عبدُ الوہاب شعرانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوۡرَانِی فرماتے ہیں: بے شک سب اَئمہ و اولیاو عُلَمائے ربانیین (ومشائخ کرام رَحِمَہُمُ اللہُ السَّلَام) اپنے پیروکاروں اور مریدوں کی شفاعت کرتے ہیں، جب ان کے مُرید کی روح نکلتی ہے، جب منکر نکیر اس سے قبر میں سُوال کرتے ہیں، جب حشر میں اس کا نامۂ اعمال

کھلتا ہے، جب اس سے حساب لیا جاتا ہے، جب اس کے اَعمال تولے جاتے ہیں اور جب وہ پل صِراط پر چلتا ہے تو ان تمام مَراحِل میں وہ اس کی نگہبانی کرتے ہیں اور کسی بھی جگہ اس سے غافل نہیں ہوتے۔“

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net